# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

نمبر 131/آر۔ آئی                                                                                    مورخہ 16-09-2019

# سرکلر

اطلاعاً تحریر ہے کہ بورڈ ہذا کے زیراہتمام ماہ ربیع الاوّل کے سلسلہ میں بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات کے طلباوطالبات کے مابین سکولز اور کالجز لیول کے درج ذیل ادبی مقابلہ جات منعقد ہونگے۔ ہر سکول سے ششم تادہم کلاس سے ایک طالب علم اور ہر کالج سے گیارھویں/ بارھویں کلاس سے ایک طالب علم شرکت کا اہل ہوگا نیز ہائیر سیکنڈری سکولز سے ششم تادہم کا ایک طالب علم میٹرک لیول اور ایک طالب علم گیارہویں/بارہویں کلاس سے انٹر لیول کے مقابلہ جات میں شرکت کا اہل ہوگا۔

**1۔ مقابلہ نعت خوانی:** (سکول لیول کے مقابلہ جات کے آرگنائزر CEO جبکہ کالج لیول کے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز متعلقہ اضلاع ہونگے)

سکولز طلباوطالبات کے نعت خوانی کے مقابلہ جات ہر چار اضلاع (فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ) میں چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اور کالج (انٹر) لیول کے مقابلہ جات متعلقہ ضلع کے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اپنے اپنے اضلاع میں منعقد کروا کر 3 پوزیشن ہولڈرز طلباوطالبات کے نام مورخہ 15.10.2019 تک ریسرچ برانچ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد کو بھجوائیں گے جبکہ بورڈ ضلع لیول کے ونرز کے مابین ڈویژن لیول کے مقابلہ جات مورخہ 4 نومبر 2019 بروز پیر کو بوقت 11:00am بورڈ آفس میں منعقد کروائے گا۔ ڈویژن لیول کے مقابلہ جات (سکول اور کالج کیٹگریز) میں اوّل، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباوطالبات کو بالترتیب مبلغ -/3000، -/2500، -/2000 روپے انعام اور اسناد سے نوازا جائے گا۔

**2۔ مقابلہ اسلامک کوئز:** (ریسرچ برانچ تعلیمی بورڈ فیصل آباد آرگنائز کروائے گی)

ضلعی سطح کے مقابلہ کوئز میں سکول اور کالج کے طلباوطالبات کا Pre-Test ہوگا مقابلہ جات میں طلباوطالبات کو ایک کثیر الانتخابی (MultipuleChoice) 100 سوالات پر مبنی سوالیہ پرچہ ایک گھنٹہ میں حل کرنا ہوگا اس پرچہ میں 10 اور آل ٹاپرز + ہر ضلع سے ٹاپ 5 پوزیشن حاصل کرنے والے طلباوطالبات کے مابین ڈویژن لیول کا مقابلہ مورخہ 4 نومبر 2019 بروز پیر کو بوقت 9:00am بورڈ آفس میں ہوگا یہ مقابلہ زبانی ہوگا۔ ڈویژن لیول کے مقابلہ جات (سکول اور کالج کیٹگری) میں اوّل، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباوطالبات کو بالترتیب مبلغ -/3000 -/2500، -/2000 روپے انعام اور اسناد سے نوازا جائے گا۔

**سلیبس سکول لیول:** کلاس نہم/دہم اسلامیات لازمی سے 30% سوالات + حضور پاک ﷺ کی مکی زندگی سے 20% سوالات + حضور پاک ﷺ کی مدنی زندگی سے 20% سوالات + فہم القرآن سے 30% سوالات ہوں گے۔

**سلیبس کالج لیول:** اسلامیات لازمی گیارھویں کلاس سے 30% سوالات + حضور پاک ﷺ کی مکی زندگی سے 20% سوالات + حضور پاک ﷺ کی مدنی زندگی سے 20% سوالات + فہم القرآن سے 30% سوالات ہوں گے۔

**تاریخ اور مقام انعقاد:** مقابلہ اسلامک کوئز (سکول اور کالج کیٹگریز) مورخہ 15.10.2019 بوقت 11:00am کو درج ذیل ادارہ جات میں منعقد ہوگا۔

مقابلہ جات میں شرکت کے لئے طلباوطالبات کو ایک گھنٹہ قبل سنٹر میں پہنچ کر رجسٹریشن کروانا ہوگی۔

| | |
|---|---|
| ضلع فیصل آباد: | گورنمنٹ میونسپل ڈگری کالج عبداللہ پور، فیصل آباد۔ |
| ضلع جھنگ: | گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج جھنگ۔ |
| ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ: | گورنمنٹ میونسپل پوسٹ گریجوایٹ (بوائز) کالج ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ |
| ضلع چنیوٹ: | گورنمنٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ۔ |

سیکرٹری

**کاپی برائے اطلاع:**

1۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کالجز، پنجاب لاہور
2۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز سکولز (E.E)، پنجاب لاہور
3۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز سیکنڈری سکولز، پنجاب لاہور
4۔ ڈائریکٹر کالجز ایجوکیشن فیصل آباد ڈویژن فیصل آباد
5۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ایجوکیشن اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ
6۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ
7۔ سربراہان سکولز / کالجز ملحقہ بورڈ
8۔ کمپیوٹر سیکشن تعلیمی بورڈ فیصل آباد برائے ویب سائیٹ
9۔ پرنٹ و الیکٹرک میڈیا

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

## (قواعد وضوابط ادبی مقابلہ جات سکول / کالجز)

1- ضلعی سطح کے مقابلہ جات کے ونرز طلباو طالبات ہی ڈویژن لیول کے مقابلہ جات میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

2- ڈویژن لیول کے مقابلہ جات میں اوّل، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباو طالبات کو بالترتیب مبلغ -/3000 ، -/2500، -/2000 روپے بطور انعام اور اسناد سے نوازا جائے گا۔

3- ضلعی سطح پر ہونے والے مقابلہ نعت سکول لیول کے آرگنائزر چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کالج (انٹر) لیول کے آرگنائزر ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز متعلقہ اضلاع ہوں گے مذکورہ افسران ضلعی سطح کے مقابلہ نعت منعقد کروا کر مورخہ 15.10.2019 تک اوّل، دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والے 3 طلباو طالبات کے مکمل دستخط شدہ کوائف (نام طالب علم / طالبہ، ولدیت، کلاس، ادارہ، طالب علم فون نمبر، فون نمبر ادارہ) بذریعہ ای میل ریسرچ انویسٹی گیٹر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد کے ایڈریس research@bisefsd.edu.pk پر ہارڈ / سافٹ فارمٹ میں بھجوائیں گے۔ اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے فون نمبر 03009655895/0419330250 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

4- سکول اور کالج لیول کے اسلامک کوئز کا پری ٹیسٹ ضلعی سطح پر ہو گا اس کے آرگنائزر ریسرچ انویسٹی گیٹر تعلیمی بورڈ فیصل آباد ہونگے۔ پری ٹیسٹ میں طلباو طالبات کو 100 نمبر کا کثیر الانتخابی (Multipule Choice) سوالیہ پرچہ ایک گھنٹہ میں حل کرنا ہوگا۔ پری ٹیسٹ میں 10 اوور آل ٹاپرز + ہر ضلع سے ٹاپ 5 پوزیشن حاصل کرنے والے طلباو طالبات ڈویژن لیول کے مقابلہ کوئز میں شرکت کے اہل ہونگے۔ ڈویژن لیول کا کوئز مقابلہ زبانی ہوگا اس کے پہلے فیز میں 3 راؤنڈ ہونگے، پھر ٹاپرز کے مابین 2 اور راؤنڈ ہونگے اس کے بعد ٹاپرز کے مابین آخری راؤنڈ میں ہر طالب علم سے 3 سوال حضور پاک ﷺ کی مکی زندگی سے 3 سوال حضور پاک ﷺ کی مدنی زندگی سے، اور 3 سوال فہم القرآن سے پوچھے جائیں گے۔ اگر پھر بھی فیصلہ نہ ہوا تو جج صاحبان جس طرح چاہیں راؤنڈ مقرر کر کے فیصلہ کرنے کے مجاز ہوں گے۔ ہر سوال کا جواب 30 سیکنڈ میں دینا ہوگا۔ طالب علم کے منہ سے نکلا ہوا پہلا جواب ہی حتمی جواب تصور ہوگا۔

5- اردو نعت چار اشعار سے زائد نہ ہو، فلمی طرز، فلمی دھن اور نہ ہی نعت میں مناجات ہو۔

6- نعت کاغذ سے دیکھ کر پڑھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

7- مقابلہ جات میں شرکت کے لئے طلباو طالبات کسی بھی مہذب لباس میں تشریف لا سکتے ہیں۔

8- صرف بورڈ سے الحاق شدہ اداروں (گورنمنٹ / پرائیویٹ) کے طلباو طالبات ہی ان مقابلوں میں شرکت کے اہل ہونگے۔

9- سکول لیول کے مقابلہ جات میں چھٹی سے دسویں جماعت تک کے طلباو طالبات اور گیارھویں / بارھویں جماعت کے طلباو طالبات کالج لیول کے مقابلہ جات میں شرکت کے اہل ہونگے۔

10- ہر سکول اور کالج سے ایک طالب علم مقابلہ کوئز، ایک مقابلہ نعت میں شرکت کا اہل ہوگا جبکہ ہائیر سیکنڈری سکول کا ایک طالب علم سکول لیول اور ایک طالب علم کالج لیول کے مقابلہ جات میں حصہ لے سکتا ہے۔

11- ہر طالب علم / طالبہ اپنے ادارہ کے / کی سربراہ ادارہ سے شرکت کا اجازت نامہ ساتھ لے کر آئے گا / گی جس پر طالب علم / طالبہ کی تصدیق شدہ تصویر اور مکمل کوائف تحریر ہوں۔

12- اسلامک کوئز پری ٹیسٹ کے 10 اوور آل ٹاپرز + ہر ضلع سے ٹاپ 5 پوزیشن حاصل کرنے والے طلباو طالبات کے مابین ڈویژن لیول کا مقابلہ کوئز مورخہ 4 نومبر 2019 بروز پیر کو بوقت 9:00am بجے اور ضلعی سطح کے مقابلہ نعت کے ونرز کا ڈویژن لیول کا مقابلہ اسی روز بوقت 11:00am بجے آڈیٹوریم تعلیمی بورڈ فیصل آباد میں ہوگا۔

13- منصفین کا فیصلہ حتمی ہوگا، اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

14- مقابلہ جات میں شرکت کرنے والے طلباو طالبات کو وقت مقررہ سے ایک گھنٹہ قبل سنٹر میں پہنچ کر رجسٹریشن کروانا ہوگی۔

15- وقت کی پابندی ملحوظ خاطر رکھیں۔

(ذوالفقار علی منہاس)
ریسرچ انویسٹی گیٹر
برائے سیکرٹری